

# ترشاوہ پھلوں کی پیداواری ٹیکنالوجی





ترشاوہ پھلوں کی اہمیت وافادیت محتاجِ وضاحت نہیں ہے۔ان کی طلب میں نہ صرف اندرونِ ملک بلکہ بیرونِ ملک بھی مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔یہ نہ صرف باغبانوں کے لئے آمدنی کا اہم وسیلہ ہیں بلکہ ملک وقوم کے لئے قیمتی زرِمبادلہ کمانے کا بہت بڑا ذریعہ بھی ہیں۔یہی وجہ ہے کہ باغبان حضرات ان کی پیداوار کو بڑھانے اور معیار کو بہتر سے بہتر بنانے میں پہلے سے زیادہ دلچسپی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔اس کے علاوہ ان پھلوں کے زیرِ کاشت رقبے میں بھی بتدریج اضافہ ہورہا ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ باغات کو مختلف بیماریوں اور کیڑوں سے پہنچنے والے نقصانات سے بچایا جائے۔

**ایلیٹ®، انٹراکول®، ہووینٹو® اور بے فولان®**

ترشاوہ پھلوں کی حفاظت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔




BAYER

# ایلیٹ®

80فیصد ڈبلیوپی

## باغات میں سوکھا، گوند کا بہنا، چھال کا اترنا، کے لیے بہترین حل


پہلا حقیقی سرائیت پذیر پھپھوندی کش زہر جو کرے پورے پودے میں پھیل کر تنے اور جڑوں کے گلنے سڑنے کا مؤثر کنٹرول کرتا ہے




ایلیٹ اسپرے ہوتے ہی پودے میں جذب ہو جاتا ہے۔




ایلیٹ پودے میں جذب ہو کر پتوں اور تنوں کے ذریعے چاروں طرف پھیل جاتا ہے۔




ایلیٹ پودے میں نظام کا حصہ بن کر بیماری کے خلاف قوتِ مدافعت بڑھاتا ہے۔

## خصوصیات

- پہلا اور حقیقی سرائیت پذیر پھپھوندی کش زہر جو پودے کے اندرونی نظام پر اثر انداز ہوتا ہے۔
- اوپر کی سمت اور نیچے کی جانب سرائیت پذیری کی خاصیت پودے کے ہر حصہ کو بیماریوں سے بچاتی ہے۔
- پودے کے اندر تیزی سے سرائیت پذیر ہونے کے سبب بارش سے اس کا اثر ضائع نہیں ہوتا۔
- دیرپا اثر کے سبب لمبے عرصے تک بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔
- نئی شاخوں کو بیماری سے بچائے




## سفارشات برائے استعمال

| فصل | بیماری | شرح استعمال فی 100 لیٹر پانی |
|---|---|---|
| ترشاوہ پھل | تنے کا گلنا سڑنا<br>گوند کا بہنا | 250 گرام |

BAYER

# انٹراکول®
70 فیصد ڈبلیو پی

## ترشاوہ پھلوں کی بیماریوں کے لئے

## پاکستان میں سب سے زیادہ فروخت ہونے والا پھپھوندی کش زہر

**انٹراکول®** اپنے منفرد Multi-site طریقۂ اثر کی بدولت نہ صرف پودے کو بیماریوں سے بچاتا ہے بلکہ پھپھوندی کے نظام تنفس کے کئی حصوں پر بیک وقت حملہ کر کے اس کے نشاستہ اور پروٹین بنانے کے نظام کو ناکارہ کر دیتا ہے۔ نتیجتاً پھپھوندی کی قوت مدافعت کمزور ہو جاتی ہے اور اس طرح اس پر مؤثر کنٹرول حاصل ہو جاتا ہے۔ انٹراکول میں شامل زِنک پودوں کے لئے غیر معمولی غذائیت بخش جزو ہے۔ انٹراکول خشک موسم یا بارش جیسے ناموافق حالات میں بھی کارگر ہے اور اس میں **زِنک++** شامل ہونے کی وجہ سے فصل ہری بھری رہتی ہے۔




### سفارشات برائے استعمال

| فصل | بیماری | شرح استعمال فی 100 لیٹر پانی |
|---|---|---|
| ترشاوہ پھل | پھل کی ڈنڈی کا گل جانا سوکھا | 250 گرام |

**انٹراکول® زِنک++**

**تحفظ، مدافعت، زیادہ پیداوار**

BAYER

# ہووینٹو®
240 ایس سی



# اسکیلزاور ملی بگ کے خلاف مؤثر کنٹرول

## خصوصیات:

- دوطرفہ سرائیت پذیری کی وجہ سے اسکیلزاور ملی بگ کا دیرپا اور بہترین کنٹرول
- اسکیلزاور ملی بگ کے بالغ اور بچوں پر مؤثر
- پودے کی نالیوں میں جذب ہوکر ان جگہوں میں بھی پہنچتا ہے جہاں عام زہر نہیں پہنچ سکتے۔




## سفارشات برائے استعمال

| فصل | کیڑے | شرح استعمال فی 100 لیٹر پانی |
|---|---|---|
| ترشاوہ پھل | اسکیلز، ملی بگ | 40-50 ملی لیٹر فی ایکڑ + ایڈجوونیٹ (بائیو پاور) 50 ملی لیٹر |

نوٹ: **ہووینٹو** کو ایڈجوونیٹ (بائیو پاور) کے ساتھ ملا کر تجویز کردہ طریقے کے مطابق استعمال کریں۔

BAYER

# بے فولان®

8-8-6

این پی کے لیکوِڈ فرٹیلائزر
اور کراپ سپلیمنٹ

# پیداوار زیادہ، خوشحالی کا وعدہ!

## خصوصیات:

- پودے کی غذائی قلت پوری کرے
- مکمل اور متوازن غذائیت کا ذریعہ
- پتے کی رنگت میں بہتری لائے
- پتے اور پھولوں کی بہتر نشوونما




## سفارشات برائے استعمال

| فصل | شرح استعمال | وقتِ استعمال |
|---|---|---|
| ترشاوہ پھل | 250 ملی لیٹر فی ایکڑ | فصل کی نشوونما کے آغاز پر/ پھل یا پھول آنے سے پہلے استعمال کریں۔ ضرورت کے مطابق 14 دن کے وقفے سے دوبارہ اسپرے کریں۔ |

# ترشاوہ پھلوں

## کے باغات کی سالانہ نگہداشت
### ماہ بہ ماہ.....کام کی باتیں

### جنوری
- کورے سے بچاؤ کیلئے پانی لگائیں یا دھواں دیں۔
- نئے پودوں کے لئے نرسری سے پودوں کا انتخاب کریں۔
- مالٹا، گریپ فروٹ اور لیموں کی برداشت جاری رکھیں۔

### فروری
- نائٹروجن کی آدھی اور فاسفورس اور پوٹاش کی ساری مقدار 15 فروری تک گوڈی کر کے دیں۔
- پتوں پر زنک کا اسپرے کریں۔
- کیڑوں اور بیماریوں کے لئے اسپرے کریں۔

### مارچ
- پیوندکاری شروع کر دیں۔ (پیوند زمین سے ایک فٹ اونچا ہونا چاہیے)
- کیڑوں اور بیماریوں کے لئے اسپرے کریں۔
- کینوں اور ولینشیا لیٹ کی برداشت جاری رکھیں۔

### اپریل
- نائٹروجن کی بقایا آدھی کھاد 15 اپریل تک ڈال دیں۔
- نئے پودوں پر نیچے سے پھوٹنے والی غیر ضروری شاخوں کی کٹائی کریں۔
- کیڑوں اور بیماریوں کے لئے اسپرے کریں۔

### مئی اور جون
- آبپاشی جاری رکھیں اور وقفہ 15 دن سے کم کر کے 7 سے 10 دن کر دیں۔
- پودوں کے اندر اگنے والی نرم اور غیر ضروری شاخیں کاٹ دیں۔

صحت مند اور
بھرپور پیداوار کیلئے



اِن کا استعمال اِن 4 ماہ ضرور کیجئے!

### جولائی اور اگست
- کیڑوں اور بیماریوں کے لئے اسپرے کریں۔
- مٹھے کی برداشت کا عمل شروع کریں اور برداشت کے بعد نائٹروجن کھاد ضرور ڈالیں۔
- نرسری میں پیوندکاری شروع کر دیں۔

### ستمبر
- پانی کا وقفہ بڑھا کر 15 دن کر دیں۔
- کیڑوں اور بیماریوں کے لئے اسپرے کریں۔
- ضرورت کے مطابق نائٹروجن کھاد کی تیسری قسط ڈالیں۔

### اکتوبر
- پیوندکاری کا عمل مکمل کریں۔
- پانی کا وقفہ بڑھا کر 21 دن کر دیں۔
- کیڑوں اور بیماریوں کے لئے اسپرے کریں۔

### نومبر
- پانی کا وقفہ 21 دن رکھیں۔
- فیوٹرلزارلی کی برداشت شروع کریں۔

### دسمبر
- پانی کا وقفہ 30 دن کر دیں۔
- فیوٹرلزارلی، موسمبی اور گریپ فروٹ کی برداشت جاری رکھیں۔
- خشک بیمار اور غیر ضروری شاخوں کو 3-2 سینٹی میٹر سبز شاخ کے ساتھ کاٹیں۔









## بائر پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ

ہیڈ آفس : پلاٹ نمبر 23، سیکٹر 22، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی 74900

یو اے این: 111-000-227، فیکس : 3506068(021)